بسم اللہ الرحمن الرحیم

Ahmadiyya Muslim Jamaat
Deutschland

Sanat-o-Tijarat
Gewerbe & Handel

Ahmadiyya Muslim Jamaat • Genfer Str. 11 • 60437 Frankfurt am Main www.ahmadiyya.de

احمدی کاروباری افراد کے لئے نیوزلیٹر

29.03.2020

پیارے احمدی بھائیو،

السلام وعلیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

موجودہ گھمبیر معاشی صورتحال کو سامنے رکھتے ہوئے شعبہ صنعت و تجارت نے پچھلے دو ہفتوں میں آپ کو دو نیوزلیٹر بھجوائے ہیں۔ ان دونوں نیوزلیٹر میں آپ کو قرضہ کو وقتی طور پر ملتوی کرنے اور Kurzarbeit کے بارے میں معلومات دی گئی تھیں۔

اس نیوزلیٹر میں ہم سب سے پہلے آپ کو وفاقی حکومت کی طرف سے ملنے والی فنڈنگ کے بارے میں بتانا چاہتے ہیں۔ صوبائی حکومتوں کی فنڈنگ کے لئے معلومات اس نیوزلیٹر کے ساتھ منسلک ہیں۔

چھوٹی کمپنیوں (ٹیکسی وغیرہ) کے لئے وفاقی حکومت کی طرف سے فنڈنگ / امداد: (Soforthilfe)

(Vollzeitäquivalente) تین ماہ کے لئے نو ہزار یورو اگر ملازموں کی تعداد پانچ یا اس سے کم ہے

(Vollzeitäquivalente) تین ماہ کے لئے پندرہ ہزار یورو اگر ملازموں کی تعداد پانچ سے دس تک ہے

اس فنڈنگ کے لئے ہر کمپنی اپلائی نہیں کر سکتا۔ اس کو اپلائی کرنے کے لئے یہ ثابت کرنا پڑے گا کہ کروناوائرس کی وجہ سے آپ کا کاروبار حقیقت میں بری طرح متاثر ہوا ہے۔ اس کمپنی کی معاشی صورتحال 20 مارچ سے پہلے خراب نہیں ہونی چاہئے۔ کروناوائرس کی وجہ سے پیش آنے والے نقصان کا اندازہ لگانے کے لئے 11 مارچ کی تاریخ مقرر کی گئی ہے۔

اپلائی کرنے کے لئے اس لنک پر کلک کریں Link

کاروباری افراد کے لئے زندگی کی بنیادی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے امداد

اگر آپ کا کاروبار مکمل ختم ہو گیا ہے اور زندگی کی بنیادی ضروریات مثلاً مکان کا کرایہ، کھانے پینے وغیرہ کا خرچہ اٹھانا بھی خود ممکن نہیں رہا ہے تو آپ Arbeitslosengeld-2 (Hartz-IV) اپلائی کر سکتے ہیں۔ فارم کو مکمل طور پر پر کر کے اپنے Jobcenter میں جمع کروائیں۔

فارم آپ اس لنک سے ڈاون لوڈ کر سکتے ہیں Link

سوالات کی صورت میں اس لنک پر کلک کریں Link

فارم پر کرنے میں مدد کے لئے اس لنک پر آپ ایک وڈیو بھی دیکھ سکتے ہیں Link

احمدی کاروباری حضرات شعبہ صنعت و تجارت سے انفرادی طور پر اپنی صورتحال پر مشورہ کرنے کے لئے بذریعہ ای میل اور ٹیلی فون رابطہ کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ہم فارم پر کرنے میں بھی آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں اور پوری دنیا کو اس وبائی مرض کی تباہی سے بچائے۔ آمین

والسلام

خاکسار

سیکرٹری صنعت و تجارت

Weitere Informationen: http://corona.ahmadiyya.de
Hotline: 069/509 837 01

E-Mail: sanat.tijarat@ahmadiyya.de (Anmeldung für den Newsletter)